2

درسی کتاب

# اسلامیات

جماعت دوم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

درسی کتاب

# اسلامیات

## جماعت دوم

قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2023ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔

درسی کتاب: **اسلامیات**

برائے جماعت دوم



**مصنفین:** ڈاکٹر علی طارق، عمارہ اعجاز

**زیرِ نگرانی**

ڈاکٹر مریم چغتائی

ڈائریکٹر، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

**اراکین نظر ثانی کمیٹی**

محمد ذاکر، نجی ادارہ، اسلام آباد۔ عظمیٰ حامد، فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن

**اراکین قومی نظر ثانی کمیٹی**

ڈاکٹر فخر الزمان، پی سی ٹی بی۔ ظریف ہاشمی، آزاد جموں و کشمیر۔ ڈاکٹر عبدالقیوم اختر، جنوبی پنجاب۔ محمد ذاکر، نجی ادارہ، اسلام آباد
ڈاکٹر خلیل احمد کورائی، سندھ۔ شبانہ شاہین، خیبر پختونخوا۔ عظمیٰ حامد، فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد۔ سید سجاد علی شاہ، گلگت بلتستان۔ ڈاکٹر عبدالمجید شاہ، بلوچستان

**ڈیسک آفیسر**

منصورہ ابراہیم، ایجوکیشن آفیسر (این سی سی)

**انتظامیہ:** نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: دسمبر 2023ء | صفحات: 56 | تعداد: 26729

قیمت: -/130

کوڈ: STU-480، آئی ایس بی این: 6-1790-37-969-978

طابع: زیڈ اے راجہ پرنٹر، راولپنڈی

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125

یا ای میل: books@nbf.org.pk

**نوٹ:** مستند احادیث کے حوالے سے سنی اور شیعہ ماخذ کی کتب کے حوالے فراہم کرنے پر ہم نیشنل کریکولم کونسل، اسلام آباد کے شکر گزار ہیں۔

National Book Foundation

# پیش لفظ

اسلامیات کی یہ درسی کتاب برائے جماعت دوم قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کے مطابق تیار کی گئی۔

اس کتاب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ قومی نصاب کے مطابق طلبہ میں اسلامی جذبہ اُبھرے، اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کی محبت پیدا ہو، سیرت کی تشکیل میں مدد ملے اور وطنِ عزیز سے محبت پیدا ہو جائے۔ ایک دوسرے کے خیال کرنے والے بن جائیں۔

نیشنل بُک فاؤنڈیشن کی تیار کردہ اس کتاب میں اسلام کے بنیادی عقائد، عبادات اور تعلیمات کو آسان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ سے مستند حوالے دیے گئے ہیں۔ اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ وہ طلبہ کو اسلامی تعلیمات اچھی طرح ذہن نشین کرائیں تاکہ ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور دینی تعلیمات سے محبت پیدا ہو اور وہ ان تعلیمات کی روشنی میں زندگی گزاریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین!

حتیٰ الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ حکومتِ پاکستان کی ہدایات کے مطابق کتابوں میں اس بات کو بھی یقینی بنایا گیا ہے کہ مختلف حوالوں سے وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے اس پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ قرآنی آیات کا ترجمہ متفقہ ترجمہ قرآن مجید سے لیا گیا ہے جب کہ قرآنی رسم الخط انجمنِ حمایتِ اسلام کے نسخے کے عین مطابق ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ معیار کی رفعت، تدریسی حاصلات، ذہنی رسائی اور عمدہ اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ مصنفین نے اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی سی کوشش کی ہے تاہم آپ سے گزارش ہے کہ اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی اور علمی نوعیت کی غلطیاں پائیں تو ہمیں آگاہ فرمائیں اور مزید بہتری کے لیے تجاویز پیش کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں ان کی درستی کی جاسکے۔ تعاون کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید

مینجنگ ڈائریکٹر

National Book Foundation

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **باب اوّل : قرآن مجید اور حدیث نبوی** | |
| الف | ناظرہ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ قرآن مجید | 2 |
| ج | حفظ و ترجمہ | 3 |
| د | حدیثِ نبوی | 4 |
| ہ | دعائیں (زبانی) | 5 |
| | **باب دوم : ایمانیات و عبادات** | |
| | **الف ایمانیات** | |
| الف | آسمانی کتب اور فرشتے | 12 |
| ب | آخرت | 16 |
| | **ب عبادات** | |
| الف | روزہ | 22 |
| ب | عیدین و اسلامی تہوار | 26 |
| | **باب سوم : سیرتِ طیبہ** | |
| الف | نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی محبت و اطاعت | 30 |
| ب | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | 34 |
| | **باب چہارم : اخلاق و آداب** | |
| الف | اسلامی آدابِ زندگی | 37 |
| ب | بڑوں کا ادب | 41 |
| ج | جان وروں سے اچھا سلوک | 44 |
| | **باب پنجم : ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام** | |
| الف | انبیاء کرام علیہم السلام | 47 |


National Book Foundation

# (الف) ناظرہ قرآنِ مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- قرآن مجید کے پہلے اور تیسویں پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • حروفِ تہجی کے مخارج سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• رموزِ اوقاف کو پہچانیں۔ | • پارہ نمبر ۳۰ اور پہلے کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں<br>• دورانِ تلاوت رموزِ اوقاف کا خیال رکھیں۔<br>• دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔ |

الٓمّٓ

عَمَّ

National Book Foundation

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- فلیش کارڈ کی مدد سے رموزِ اوقاف کی مشق کریں۔

- **طلبہ کے مابین قرأت کا مقابلہ کرایا جائے۔**
- طلبہ کی قرات کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرآن سنایا جائے۔

# ب۔ حفظ قرآنِ مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں اور معوذتین کی اہمیت و فضلیت جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • معوذتین سے متعارف ہو سکیں۔<br>• معوذتین کی اہمیت و فضلیت جان سکیں۔<br>• معوذتین کو حفظ کر سکیں۔ | • طلبہ رات کو سونے سے پہلے معوذتین پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

## سُوْرَةُ الْفَلَقِ

**مزید جانیے!**

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو معوذتین بھی کہا جاتا ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

## سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ
الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾
مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

**فرمانِ مصطفیٰ**

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ و اصحابہ وسلم جب اپنے بستر پر آرام فرمانے کے لیے لیٹتے تو اپنی دونوں ہتھیلیوں پر " قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ " اور " قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ " اور قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ سب پڑھ کر دم کرتے پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر اور جسم کے جس حصہ تک ہاتھ پہنچ پاتا پھیرتے۔ (صحیح البخاری، حدیث: 5748) (من لا یحضرہ الفقیہ، ص: 470)

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو زبانی یاد کریں۔
- ان دونوں سورتوں کو صبح و شام اور خاص طور پر رات کو سونے سے قبل پڑھنے کا معمول بنائیں۔

- **طلبہ کو معوذتین درست تلفظ کے ساتھ یاد کروائیں۔**
- کلاس میں ان دونوں سورتوں کی تلاوت کا مقابلہ کروایا جائے۔

National Book Foundation

# (ج) حفظ و ترجمہ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر اُن کا استعمال کر سکیں۔

یہ جان لیں کہ جب بھی رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔

روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (بسم اللہ، الحمد للہ، یرحمک اللہ، جزاک اللہ)

**علم**

- تعوذ تسمیہ اور مختصر درود شریف کے معانی و مفاہیم سمجھ سکیں۔
- دیے گئے کلمات کے معانی سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

- رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا نام مبارک سنتے اور پڑھتے وقت درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔
- روز مرہ زندگی میں ان کلمات کو مواقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

## تعوّذ

**فرمانِ الٰہی**

تو جب آپ قرآن مجید پڑھنے لگیں تو اللہ تعالیٰ کی پناہ لیں شیطان مردود سے۔ (سورۃ النحل، آیت:98)

**مزید جانیے!**

تعوذ کا معنی ہے پناہ مانگنا

# اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

**میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔**

**اللہ تعالیٰ نے ہمیں سکھایا ہے کہ جب بھی قرآن مجید کی تلاوت شروع کریں تو پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ لیا کریں۔**

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- تعوذ اور تسمیہ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- بسم اللہ الحمد للہ اور یرحمک اللہ کے کلمات کا مع ترجمہ چارٹ بنائیں۔

- **طلبہ کو تعوذ پڑھنے کی اہمیت اور مواقع کے بارے میں بتائیں۔**
- **تلاوت قرآن مجید سے قبل تعوذ پڑھنے کی** ترغیب دیں۔

National Book Foundation

# تَسۡمِیَہ

ہر کام شروع کرنے سے پہلے تَسۡمِیَہ پڑھنا چاہیے۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

**مزید جانیے!**

تسمیہ کا معنی ہے بسم اللہ پڑھنا۔

دینِ اسلام نے ہمیں جو آداب سکھائے ہیں۔ اُن میں سے ایک یہ ہے کہ ہم ہر کام اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کریں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ہمارے کاموں میں برکت ڈال دے اور اِس کی مدد ہمارے ساتھ شامل ہو جائے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- تسمیہ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- تین ایسے کام بتائیں جن سے پہلے آپ تسمیہ پڑھتے ہیں۔

- طلبہ کو اچھا کام شروع کرنے سے پہلے تسمیہ پڑھنے کی مشق کروائیں۔
- تسمیہ پڑھنے کے فوائد بتائیں۔

National Book Foundation

"جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھنا چاہیے اس لیے کہ درود آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر پیش کیا جاتا ہے۔"

(سنن ابی داؤد: حدیث: 1047)
(الکافی، ج3، ص429)

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے پیغمبر (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجا کرو۔ (سورۃ الاحزاب، آیت: 56)

## درودِ ابراہیمی

**مزید جانیے!**

درودِ ابراہیمی کو درودِ ابراہیمی اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں ابراہیم علیہ السلام کا ذکر مبارک ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

**درج ذیل مختصر درود شریف میں رنگ بھریں اور زبانی یاد کریں۔**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- درود شریف زبانی یاد کریں۔
- جمعۃ المبارک کے دن درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**مزید جانیے!**

قرآن کریم کی ایک سورت کا نام بھی سورت ابراہیم ہے۔

- طلبہ کو درود شریف کی فضیلت کے بارے میں دو احادیث بتائیں اور انھیں روز مرہ زندگی میں خاص طور پر جمعہ کے دن درود شریف کثرت سے پڑھنے کی ترغیب دلائیں۔

National Book Foundation

مزید جانیے!

ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے

# اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔


National Book Foundation

مزید جانیے!

الحمد للہ کہنے کو عربی میں تحمید کہتے ہیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



- مناسب مواقع خاص طور پر چھینک کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے کی عادت ڈالیں۔

# مشق

1 جن مواقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہنا چاہیے ان کے اندر رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| کھانا کھانے کے بعد | امتحان میں پاس ہونے پر | کتاب پڑھنے سے پہلے |
| تحفہ ملنے پر | سونے سے پہلے | نیا لباس پہن کر |
| پانی پینے کے بعد | چھینک آنے پر | |

- طلبہ کو روزمرہ کے کاموں میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہ پڑھنے کے مواقع کی نشان دہی کروائیں اور اس کا چارٹ بنوائیں۔
- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی اہمیت اور طریقے بتائیں۔

National Book Foundation

# يَرْحَمُكَ اللهُ

## اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔

جب کسی کو چھینک آئے تو اسے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے اور سننے والے کو یَرْحَمُکَ اللہُ کہنا چاہیے۔

**مزید جانیے!**

رحم کرنے والوں پر رحمان بھی رحم کرتا ہے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔

يَرْحَمُكَ اللهُ

- طلبہ کو حدیث نبوی کی روشنی میں اس دعا کا مفہوم اور اہمیت بتائیں۔

National Book Foundation

# (د) حدیث نبوی

**حاصلاتِ تعلّم:**

| | |
|---|---|
| اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ<br>• دو مختصر مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | |
| **علم**<br>• احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>• احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوں۔ | **صلاحیت**<br>• روزمرہ زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

- حدیث کی جمع احادیث ہے۔
- حدیث سے مراد آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اقوال اور افعال مبارکہ ہیں۔

**آیئے جانیں**

جب بھی نبی کریم خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام سنیں تو درود پڑھیں۔

**ہمارے پیارے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:**

## مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ اپنی رحمت بھیجتا ہے

(صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، حدیث: 384)
(الکافی، ج2، ص:494)

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

National Book Foundation

# اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

نیکی حسن اخلاق کا نام ہے۔

(صحیح مسلم، حدیث: 6516) (نہج الفصاحۃ، ص: 376)

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

تم میں سے بہتر وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں۔

(صحیح بخاری، کتاب الآداب، حدیث: 6035)
(بحار الانوار، ج: 16، ص: 237)

اخلاق خلق کی جمع ہے

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- دونوں احادیث کو سمجھیں اور ان میں شامل تعلیمات پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔
- اچھے اخلاق کے فوائد بیان کریں۔

- طلبہ کو حسنِ خلق کا مفہوم سمجھائیں اور عمل کرنے کے طریقے بتائیں۔

National Book Foundation

# (ہ) دُعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • دعا کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• دعا کے معانی و مفہوم سے واقف ہو سکیں اور درست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔<br>• تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ | • دعا کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

**اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ دعا سکھائی ہے جس کو پڑھ کر ہم اپنے والدین کے لیے دعا کر سکتے ہیں۔**

قرآن کریم میں مذکورہ دعاؤں کو اَدعیہ قرآنیہ کہتے ہیں۔

## رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

اے میرے ربّ! اِن دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انھوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

**(سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 24)**

### اسمائے حسنیٰ

| | |
|---|---|
| اَلْقُدُّوْسُ | جملہ نقائص و عیوب سے پاک |
| اَلسَّلَامُ | سلامتی دینے والا |
| اَلْمُؤْمِنُ | امان بخشنے والا |

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- **اپنے اساتذہ کی مدد سے والدین کے لیے شکریہ کا کارڈ بنائیں۔**
- **دعا کو یاد کر کے روزانہ پڑھنے کا معمول بنائیں**
- اس دعا کو خوش خط لکھ کر اپنے گھر میں دیوار کے ساتھ آویزاں کریں۔

- **سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲۳، ۲۴ کی روشنی میں طلبہ کو احترام والدین کے بارے میں بتائیں۔**
- **طلبہ سے والدین کے احترام و محبت پر** گفتگو کریں۔

National Book Foundation

# ایمانیات وعبادات

## الف ایمانیات

## الف۔ آسمانی کتب اور فرشتے

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی کتب نازل کی ہیں اور یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ بھی سمجھ سکیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • ارکان ایمان سے متعارف ہو سکیں۔<br>• فرشتوں کی خصوصیات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• آسمانی کتابوں کے نزول کا مقصد جان سکیں۔<br>• چار بڑے فرشتوں کے نام بتا سکیں۔<br>• جن انبیائے کرام پر کتابیں نازل ہوئیں ان کے نام بتا سکیں۔<br>• چار آسمانی کتابوں کے نام بتا سکیں۔ | • فرشتوں، آسمانی کتابوں، انبیائے کرام علیہم السلام پر ایمان کو پختہ کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کو آخری آسمانی کتاب جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔<br>• |

ایمان کے بنیادی ارکان میں آسمانی کتب اور فرشتوں پر ایمان بھی شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے خاص بندوں پر آسمانی کتابیں نازل کی ہیں۔ اپنے جن بندوں کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل کیں انھیں نبی اور رسول کہتے ہیں۔ ہم ان تمام آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ

**وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ**

اور جو لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی طرف نازل فرمایا گیا اور اس پر (بھی) جو آپ (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) سے پہلے نازل فرمایا گیا۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 4)

National Book Foundation

**آئیں جانیں**

آسمانی کتابوں کو الہامی کتابیں بھی کہا جاتا ہے۔

**مزید جانیے!**

قرآن کریم میں تورات، زبور، انجیل اور ابراہیم اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں کا بھی ذکر آیا ہے۔

**چار آسمانی کتابوں کے نام اور جن انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل فرمائی گئیں اُن کے نام یہ ہیں۔**

1۔ **تورات مقدس:** حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

2۔ **زبور مقدس:** حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

3۔ **انجیل مقدس:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

4۔ **قرآن مجید:** حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہوئی۔

تمام آسمانی کتابوں کا مقصد لوگوں کی ہدایت اور رہنمائی ہے۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ تمام انسانوں کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ اس کے بعد اب کوئی آسمانی کتاب نازل نہیں ہوگی۔ اس لیے قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔

National Book Foundation

فرشتوں پر ایمان لانے کا مطلب ہے اس بات پر یقین رکھا جائے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نیک اور فرماں بردار مخلوق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں نور سے بنایا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام مانتے ہیں اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت جبریل علیہ السلام تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

اور فرشتے اپنے ربّ کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں۔ (سورۃ الشوریٰ، آیت: 5)

چار مشہور فرشتوں کے نام اور کام یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ حضرت جبریل علیہ السلام | اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیاءِ کرام علیھم السلام تک پہنچانا |
| 2۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام | تمام جانداروں کی روح قبض کرنا |
| 3۔ حضرت میکائیل علیہ السلام | تمام جانداروں کے لیے رزق اور بارش کا انتظام کرنا |
| 4۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام | قیامت سے پہلے صور پھونکنا |

**مزید جانیے!**

حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام کا نام قرآن کریم میں بھی آیا ہے۔

فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی ذمہ داریاں دی ہیں۔ مثلاً ہوائیں چلانا، بارش برسانا، اور دن اور رات کو باری باری لانا وغیرہ۔ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کائنات کے سب کام کرتے ہیں۔ ہمیں بھی چاہیے اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور تمام احکام مانیں تاکہ ہم اس کے فرماں بردار بندوں میں شامل ہوسکیں۔

National Book Foundation

# مشق

**1** درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 5　(د) 6

۲۔ آخری الہامی کتاب ہے۔

(الف) زبور　(ب) انجیل　(ج) قرآن مجید　(د) تورات

۳۔ قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

(الف) انجیل　(ب) قرآن مجید　(ج) زبور　(د) تورات

۱۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔

(الف) مٹی سے　(ب) آگ سے　(ج) نور سے　(د) ہوا سے

۲۔ فرشتوں کے سردار ہیں۔

(الف) حضرت جبریل علیہ السلام　(ب) حضرت اسرافیل علیہ السلام

(ج) حضرت میکائیل علیہ السلام　(د) حضرت عزرائیل علیہ السلام

۳۔ ہر وقت عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔

(الف) انسان　(ب) فرشتے　(ج) جنات　(د) نباتات

National Book Foundation

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ____________ کے لیے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

۲۔ قرآن مجید ____________ کا سرچشمہ ہے۔

۳۔ جن انبیاء کرام علیہم السلام پر کتابیں نازل ہوئیں انھیں ____________ بھی کہتے ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے الہامی کتابیں کیوں نازل کیں؟

۲۔ آخری آسمانی کتاب کس رسول پر نازل ہوئی؟

۳۔ چار الہامی کتابوں کے نام بتائیں۔

۴۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی کون سی مخلوق ہیں؟

۵۔ چار مشہور فرشتوں کے نام اور کام بتائیں؟

۶۔ فرشتے سب کام کس کے حکم سے سرانجام دیتے ہیں؟

## 4 سبق میں دیے گئے رسولوں کے ناموں کو ان پر نازل ہونے والی کتاب سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | مقدس تورات |
| حضرت داؤد علیہ السلام | مقدس زبور |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | قرآن مجید |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | مقدس انجیل |

National Book Foundation

## کالم ملائیں۔

فرشتوں کے ناموں کو ان کے متعلقہ کاموں سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| حضرت جبریل علیہ السلام | موت دینا |
| حضرت میکائیل علیہ السلام | صور پھونکنا |
| حضرت عزرائیل علیہ السلام | اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا |
| حضرت اسرافیل علیہ السلام | رزق اور بارش کا انتظام |



5 قرآن مجید کے مزید تین ناموں کو تلاش کریں اور چارٹ پر لکھیں۔

## رنگ بھریں۔

قرآن مجید

National Book Foundation

**4** درج ذیل میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو کام فرشتے کرتے ہیں۔ ان میں رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| رزق لانا | کھانا پکانا | بارش لانا |
| اللہ تعالیٰ کا پیغام لانا | موسموں کا بدلنا | سونا |

## سرگرمی برائے طلبہ

- اساتذہ کی مدد سے چار مشہور فرشتوں کے ناموں اور کاموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔

- طلبہ کو قرآن مجید کے آخری الہامی کتاب ہونے کے ساتھ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے بارے میں بھی بتائیں۔
- الہامی کتابوں کے نام مع انبیاء کرام علیہم السلام کے نام کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- فرشتوں کے حوالے سے طلبہ کے ذہن میں ابھرنے والے سوالات کا مستند معلومات سے جواب دیں۔

National Book Foundation

# 3۔ آخرت

**حاصلاتِ تعلم:**

| اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ<br>• آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔ | |
|---|---|
| **علم**<br>• عقیدہ آخرت کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | **صلاحیت**<br>• عقیدہ آخرت کے تصور کے مطابق جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔ |

اس دُنیا کی زندگی کے بعد آنے والی زندگی کو آخرت کہا جاتا ہے۔

تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ آخرت پر ایمان لائیں۔ آخرت پر ایمان لانے کا مطلب ہے اس حقیقت کا یقین کیا جائے کہ ہماری موجودہ دنیا ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد ایک نئی زندگی شروع ہوگی۔ جس دن اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو دوبارہ زندہ کرے گا۔ وہ آخرت کا دن ہوگا۔ قیامت کے دن ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔ جس کی نیکیاں زیادہ ہوں گی اس کو انعام میں جنت دی جائے گی۔

**مزید جانیے!**
سب سے اعلیٰ جنت
جنت الفردوس ہے

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ

بے شک نیک لوگ نعمتوں (والی جنت) میں ہوں گے۔ (سورۃ المطففین، آیت:22)

جنت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی نعمتیں رکھی ہیں۔ ہم جس وقت جو کچھ بھی چاہیں گے وہ ہمیں مل جائے گا۔ جس کی برائیاں زیادہ ہوں گی وہ جنت میں نہیں جا سکے گا۔ اور ان تمام نعمتوں سے بھی محروم ہو جائے گا جو اللہ تعالیٰ نے جنت میں نیک لوگوں کے لیے رکھی ہیں۔

آخرت کے دن کامیاب ہونا ہی اصل کامیابی ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کی ہدایات کے مطابق گزاریں اور نبی کریم خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں تا کہ ہم جنت میں داخل ہو سکیں۔

**مزید جانیے!**
دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

National Book Foundation

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ آخرت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

(الف) سب اعمال (ب) اچھے کام (ج) برے کام (د) مال و دولت

۲۔ اصل کامیابی ہے۔

(الف) کھیل کی (ب) آخرت کی (ج) دنیا کی (د) امتحان کی

۳۔ بے شک جنت میں ہوں گے۔

(الف) مالدار لوگ (ب) نیک لوگ (ج) خوبصورت لوگ (د) غریب لوگ

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ سب سے اعلیٰ جنت ــــــــــــ ہے۔

۲۔ جنت میں وہ لوگ جائیں گے جن کی ــــــــــــ زیادہ ہوں گی۔

۳۔ جنت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی ــــــــــــ رکھی ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ آخرت پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟

۲۔ ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے کس دن پیش کیے جائیں گے؟

۳۔ جنت میں جانے کے لیے کس کی بات ماننا ضروری ہے؟

National Book Foundation

4 جن کاموں کو کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں ان میں رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| صدقہ دینا | کھانا کھلانا |
| نماز پڑھنا | کمزور کو مارنا |
| لڑائی کرنا | لوگوں کے کام آنا |

National Book Foundation

سرگرمی برائے طلبہ

- اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں کہ آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

- جنت کی نعمتوں کے بارے میں تفصیل سے بتائیں کہ بچوں کے ذہن میں ایک خاکہ بن جائے۔
- بچوں کو نیک کاموں کی فہرست بنوائیں جن کو کرنے سے ہم جنت میں جا سکتے ہیں۔

# (ب) عبادات

## 1۔ روزہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا اہم رکن ہے اور روزے کی فضلیت اور اوقات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • روزہ کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• رمضان المبارک کے بارے میں جان سکیں۔<br>• روزے کی سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔ | • روزہ کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔ |

عربی میں روزے کو صوم کہتے ہیں۔

**روزہ اسلام کا اہم رکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر روزہ رکھنا فرض کیا ہے۔ روزے کا مطلب ہے کہ دن بھر کھانے پینے اور اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے کاموں سے باز رہا جائے۔**

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ

اے ایمان والو! تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 183)

**دل چسپ بات**

رمضان کے آخری عشرے میں ایک رات ایسی ہے جو ایک ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ اسے لیلۃ القدر کہا جاتا ہے۔

رمضان المبارک کے پورے مہینے میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ فجر کا وقت شروع ہونے سے پہلے کھانا پینا سحری کہلاتا ہے۔ جس کی فضیلت بہت زیادہ اور مغرب کے اذان کے ساتھ روزہ کھول دیا جاتا ہے۔ جسے افطار کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی کثرت سے عبادت اور قرآن مجید کی تلاوت کی جاتی ہے۔ مسلمان اس مہینے میں ایک دوسرے کا روزہ افطار کرواتے ہیں۔ صدقہ اور خیرات کرتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

رمضان میں روزہ داروں کا روزہ افطار کروانے کا بہت اجر و ثواب ہے۔

**رمضان المبارک کے مہینے میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس مہینے میں نیکیوں کے ثواب کو ستر گنا تک بڑھا دیتا ہے۔**

**حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ہے۔**

**"جس کسی نے رمضان کے روزے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے رکھے اس کے اگلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ (صحیح بخاری، کتاب الصوم، حدیث: 1783) (بحار الانوار، ج94، ص:18)**

**مزید جانیے!**

جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ریان روزہ داروں کے لیے ہے۔

**اس لیے ہمیں رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنی چاہییں تاکہ ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکیں۔**

National Book Foundation

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ روزہ اسلام کا ہے۔

(الف) رکن (ب) طریقہ (ج) عقیدہ (د) مسلک

۲۔ سحری کی جاتی ہے۔

(الف) ظہر سے پہلے (ب) فجر سے پہلے (ج) عصر سے پہلے (د) مغرب کے بعد

۳۔ روزہ افطار کیا جاتا ہے۔

(الف) ظہر سے پہلے (ب) عشاء کے بعد (ج) مغرب کے وقت (د) فجر کے بعد

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر روزہ رکھنا ________ کیا ہے۔

۲۔ مسلمان رمضان میں ایک دوسرے کا روزہ ________ کرواتے ہیں۔

۳۔ رمضان میں ________ کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ رمضان میں نیکیوں کے ثواب کو کتنا بڑھا دیا جاتا ہے؟

۲۔ روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

۳۔ رمضان میں کرنے والے دو کام بتائیں؟

National Book Foundation

4 اسلامی مہینوں کے ترتیب وار نام جانیں اور ان کا ترتیب وار چارٹ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 محرم | 2 صفر | 3 ربیع الاول |
| 4 ربیع الثانی | 5 جمادی الاول | 6 جمادی الثانی |
| 7 رجب | 8 شعبان | 9 رمضان |
| 10 شوال | 11 ذی القعد | 12 ذی الحج |

5 درج ذیل الفاظ معمہ میں سے تلاش کر کے رنگ بھریں۔

نیکی — فجر — سحری — رمضان — روزہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ن | ی | ک | ی | ر |
| ح | ی | ف | ج | ر | و |
| ر | م | ض | ا | ن | ز |
| ی | ی | ک | ب | ط | ہ |

National Book Foundation

**6** آپ جو کام رمضان میں کرتے ہیں ان کے سامنے اپنی پسند کا رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| افطاری کروانا | | سحری کرنا | |
| کھجور سے افطار کرنا | | تلاوت کرنا | |
| روزہ رکھنا | | تراویح پڑھنا | |

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- روزہ رکھنے کی نیت اور افطار کی دُعا کی چارٹ بنائیں۔
- روزہ کے فوائد اور ثمرات کا آپس میں مذاکرہ کریں۔

- بچوں کو ارکان اسلام کا تعارف کروائیں اور اسلامی مہینوں اور ارکان اسلام کے بارے میں نظمیں سنوائیں۔
- رمضان کے بارے میں اہم معلومات سحری، افطاری، لیلۃ القدر اور طاق راتوں کا تعارف کروائیں۔

National Book Foundation

# 2۔ عیدین و اسلامی تہوار

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں اور پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔

**علم**

- یہ جان سکیں کہ عیدالفطر رمضان المبارک کے بعد آتی ہے۔
- یہ جان سکیں کہ عیدالاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔
- دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

- عیدین کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔

**اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو خوشی منانے اور شکر ادا کرنے کے لیے دو عیدیں عطا کی ہیں۔**

**عیدالفطر**
یکم شوال

**عیدالاضحیٰ**
۱۰ ذی الحجہ

## عیدالفطر

رمضان المبارک میں روزے رکھنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں انعام کے طور پر عیدالفطر عطا کی ہے۔ یہ رمضان کے بعد آنے والے مہینے شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے۔ اس روز اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو رمضان کے روزوں اور راتوں میں عبادت کرنے کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اس دن نمازِ عید سے پہلے کوئی میٹھی چیز یا کھجوریں کھانا سنت ہے۔ عیدالفطر کے موقع پر فطرانہ ادا کیا جاتا ہے تاکہ غریب مسلمان بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکیں۔

National Book Foundation

## عیدالاضحیٰ

عیدالاضحیٰ دس ذوالحج کو منائی جاتی ہے۔ اس دن اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے قربانی کی تھی۔ تمام دنیا کے مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے آپ علیہ السلام کی سنت کی پیروی میں جانور ذبح کرتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ان اسلامی تہواروں کو جوش و خروش سے منائیں۔

اپنی خوشیوں میں غریبوں کو بھی یاد رکھیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

**عید کی سنتیں**

- اونچی آواز میں تکبیرات پڑھنا
- اچھا لباس پہننا
- عید کا خطبہ خاموشی سے سننا
- خوشبو لگانا
- عید کی نماز پڑھنا

### مزید جانیے!

عید کی نماز کے لیے آتے جاتے ہوئے رستہ بدلنا مناسب ہے۔

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے خطبے نماز کے بعد ہوتے ہیں۔

## عید کی تکبیرات

**اَللّٰهُ اَکۡبَرُ اَللّٰهُ اَکۡبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکۡبَرُ**
**اَللّٰهُ اَکۡبَرُ وَلِلّٰهِ الۡحَمۡدُ**

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔

**عید کی تکبیرات اونچی آواز میں پڑھنی چاہییں۔**

National Book Foundation

# مشق

## درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ عیدالفطر منائی جاتی ہے۔

(الف) یکم شوال المکرّم (ب) یکم رمضان (ج) یکم شعبان المعظم (د) یکم رجب

۲۔ عیدالفطر پر ادا کیا جاتا ہے۔

(الف) عُشر (ب) فطرانہ (ج) زکوٰۃ (د) صدقہ

۳۔ قربانی کرنا سنّت ہے۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کی (ب) حضرت نوح علیہ السلام کی

(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی (د) حضرت یوسف علیہ السلام

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

ا۔ عیدین مسلمانوں کے ________ ہیں۔

۲۔ عیدالفطر کی نماز سے پہلے کوئی ________ کھانا سنت ہے۔

۳۔ عید کے دن اونچی آواز میں ________ پڑھنی چاہییں۔

۴۔ عید کے لیے آتے جاتے ________ بدلنا چاہیے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون سی دو عیدیں عطا کی ہیں؟

۲۔ عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟


۳۔ قربانی کس نبی علیہ السلام کی سنّت میں ادا کی جاتی ہے؟

National Book Foundation

## 4 مسلمان کس کس جانور کی قربانی کرتے ہیں۔نام لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- عید کے دن کی مصروفیات اپنے دوستوں کو بتائیں۔
- جشن میلاد النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔



- طلبہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کا واقعہ تفصیلاً سنائیں۔
- فطرانہ کا تعارف کروائیں اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں بتائیں۔

National Book Foundation

# سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## 1۔ نبی کریم خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت واطاعت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت واطاعت ایمان کالازمی جزو ہے۔

نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے خاندان اور آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت، بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ اور گھرانے کے متعلق بنیادی معلومات جان سکیں۔<br>• نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت واطاعت کے معنی ومفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | • نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سنتوں کو روز مرہ زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی محبت کو ایمان کالازمی جزو بنا سکیں |

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔

نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت ہمارے ایمان کالازمی حصہ ہے۔کوئی بھی انسان اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت اس کے دل میں دنیا کی ہر چیز سے زیادہ نہ ہوجائے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ

جس نے رسول (خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ) کی اطاعت کی تو یقیناً اُسی نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔ (سورۃ لنساء، آیت:80)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ہے۔

جس نے مجھ سے محبت کی وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا (مشکاۃ المصابیح، حدیث: 175)
(بحارالانوار،ج:39،ص:269)

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے۔اپنی زندگی کے سب کام سنت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے مطابق انجام دیے جائیں۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سنتوں سے محبت آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت ہے۔

National Book Foundation

ارشاد باری تعالیٰ ہے!

اے پیغمبر(صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) لوگوں سے کہہ دو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا۔ (سورۃ آل عمران، آیت:31)

اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے اپنی جان، مال اور اولاد سے بڑھ کر محبت کرتے تھے۔ وہ ہر معاملے میں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی اطاعت کرتے تھے اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی سنتوں پر ہمیشہ عمل کرتے تھے۔

اس لیے ہمیں چاہیے کہ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ سے سب سے زیادہ محبت کریں۔ اور آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی سنتوں کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کی کوشش کریں۔



National Book Foundation

# مشق

## درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ جس نے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کی اس نے اطاعت کی۔

(الف) اللہ تعالیٰ کی (ب) انبیاءِ کرام علیہ السلام کی (ج) فرشتوں کی (د) کتابوں کی

۲۔ جس نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کی وہ ان کے ساتھ ہوگا۔

(الف) مکہ مکرمہ میں (ب) مدینہ منورہ میں (ج) جنت میں (د) طائف میں

۳۔ ہمیں سب سے زیادہ کس سے محبت کرنی چاہیے؟

(الف) والدین سے (ب) اساتذہ سے

(ج) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے (د) بچوں سے

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے ________ ایمان کا حصہ ہے۔

۲۔ جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اسے ________ کی اطاعت کرنی چاہیے۔

۳۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہر معاملے میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ________ کرتے تھے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا کیا تقاضا ہے؟

۲۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں کس کی اطاعت کرنی چاہیے؟

۳۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے کتنی محبت کرتے تھے؟

۴۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سنتوں سے محبت کا کیا فائدہ ہے؟

National Book Foundation

## سرگرمیاں برائے طلبہ

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سنتوں میں مختلف رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| السلام علیکم کہنا | کمزوروں کی مدد کرنا | بڑوں کا احترام کرنا |
| صاف ستھرے رہنا | دائیں ہاتھ سے کھانا | جانوروں سے پیار کرنا |

## رنگ بھریں



حضرت رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

- طلبہ کو سنت کا مفہوم بتائیں۔
- طلبہ کو رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت اور محبت کے بارے میں مزید بتائیں۔
- طلبہ کو چھوٹی چھوٹی سنتوں کے بارے میں بتائیں اور ان پر عمل کرنے کی تاکید کریں۔
- طلبہ کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت سے واقعات بتائیں۔

National Book Foundation

# 2۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی، نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و در گزر کے بارے میں جان سکیں اور ان اَخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| • نرم مزاجی، رحمدلی، ایفائے عہد اور عفو در گزر کے مفاہیم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• ان موضوعات کے بارے میں سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی رحمدلی، ایفائے عہد، عفو در گزر کے حوالے سے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ | • اخلاق حسنہ کی افادیت کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

اخلاق حسنہ سے مراد اچھی عادات ہوتی ہیں اور ان میں نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و در گزر کی صفات حسنہ شامل ہیں۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے بہترین اخلاق کا مالک بنایا اور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ان صفات حسنہ کا بہترین اسوہ اور نمونہ ہیں۔

## وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہیں۔ (سورۃ القلم، آیت:4)

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے مزاج کے اعتبار سے بہت نرم تھے اور ہر کسی کے ساتھ نرمی سے معاملہ فرماتے تھے۔

**آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بہت رحم دل تھے اور لوگوں کی غلطیوں کو معاف کر دیا کرتے تھے۔**

**آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے ساتھ برا سلوک کرنے والوں سے بھی اچھے اخلاق سے پیش آتے تھے۔**

**آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صرف انسانوں پر نہیں بلکہ تمام مخلوقات پر مہربان تھے۔**

**نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ وعدے کی پابندی کیا کرتے تھے** اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دیتے تھے۔

**آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے**

## لَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ

**جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں۔ (مسند احمد، حدیث: 5140) (بحار الانوار، ج69، ص:199)**

ہمیں چاہیے کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے ان اخلاق حسنہ پر عمل کرتے ہوئے نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و در گزر کی صفات کو اپنا کر اچھے اور با اخلاق مسلمان بنیں۔

National Book Foundation

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اخلاق کا مطلب ہے۔

(الف) اچھی عادات (ب) رہنا سہنا (ج) گفتگو کرنا (د) خرید و فروخت کرنا

۲۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پاسداری کا حکم دیتے تھے۔

(الف) وقت کی (ب) دعوے کی (ج) در گذر (د) گفتگو کی

۳۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مہربان تھے۔

(الف) انسانوں پر (ب) تمام مخلوقات پر (ج) جنات پر (د) حیوانات پر

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ یقیناً تم ________ کے اعلیٰ مرتبے پر ہو۔

۲۔ جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی ________ نہیں۔

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہر ________ چیز پر مہربان تھے۔

۴۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پوری زندگی اخلاقِ حسنہ کا بہترین ________ تھی۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ ہمارے لیے کس کی زندگی بہترین نمونہ ہے؟

۲۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

۳۔ وعدہ پورا کرنا کیوں اہم ہے؟

۴۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے عفو در گذر کے اسوہ حسنہ سے ہم کیا سیکھ سکتے ہیں؟

National Book Foundation

## سرگرمیاں برائے طلبہ

**4** درج ذیل الفاظ معمہ میں سے تلاش کر کے رنگ بھریں۔

مہربان | نبی | رحمت | اخلاق | عہد


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | س | ر | ح | م | ت |
| ا | خ | ل | ا | ق | ط |
| ش | ل | ن | ب | ی | ا |
| ع | ہ | د | ت | ی | ء |
| م | ہ | ر | ب | ا | ن |

**5** نبی کریم خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی جو صفات سبق میں بیان ہوئی ہیں ان میں سے دو لکھیں اور یہ بتائیں کہ ان صفات کو آپ کیسے اپنا سکتے ہیں اور ان پر کہاں عمل کر سکتے ہیں؟

1 ______________________________

2 ______________________________

### رنگ بھریں




- طلبہ کو خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے ایفائے عہد اور نرم مزاجی کے مزید واقعات سنائیں۔
- نبی کریم خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے رحمت للعالمین ہونے کی وضاحت کریں۔
- سیرت طیبہ کی مختلف خصوصیات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6 (2023)-NCC/Dir/NBF Dated: August 7, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سر زمین کا نظام قُوتِ اخوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچمِ ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

ISO 9001
نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد